اپنا ریفنڈ وصول کرنے کے لئے، نیویارک شہر کے محکمۂ مالیات کو اپنا موجودہ ڈاک کا پتہ فراہم کریں۔

اگر آپ کے ڈاک کے پتے میں تبدیلی آئی ہے، تو آپ کو NYC کے محکمۂ مالیات کی عدالت کے اثاثہ جاتی یونٹ میں توثیق شدہ زر ضمانت کے ریفنڈ کا نوٹس فارم برائے تبدیلی پتہ فراہم کرنا ہو گا۔ آپ زر ضمانت کے ریفنڈ کے حق سے دستبردار ہوتے ہوئے (چھوڑتے ہوئے)، زر ضمانت کا توثیق شدہ تفویضی نوٹس فارم پُر کر کے، کسی اور فرد کو بھی زر ضمانت کے ریفنڈ کا کام سونپ سکتے ہیں۔ اس فارم پر کارروائی ہو جانے کے بعد، زر ضمانت کے ریفنڈ کا چیک اس فرد کے نام جاری ہو گا جسے آپ نے اس کی وصولی کا کام سونپا ہو گا۔

زر ضمانت سے متعلقہ فارمز ڈاؤن لوڈ کرنے کے لئے، www.nyc.gov/finance ملاحظہ کریں۔ کسی قسم کے سوالات ہونے کی صورت میں آپ محکمۂ مالیات سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کو عدالتی مقدمے سے متعلقہ تازہ ترین معلومات چاہیئں، تو آپ مقدمے کی پیشرفت کی بابت جاننے کے لئے متعلقہ عدالت سے ذیل میں دیے گئے نمبروں میں سے کسی ایک پر رابطہ بھی کر سکتے ہیں۔ براہ کرم اطمینان کریں کہ آپ کے پاس مقدمے کا شمار نمبر(ڈاکٹ) اور TR نمبر دستیاب ہے۔

کاؤنٹی	فوجداری عدالت	عدالت عظمیٰ
New York	646-386-4509	646-386-4000
Bronx	718-618-2460 718-618-1592	718-618-3100
Richmond	718-675-8558	718-675-8760
Kings	347-404-9400	347-296-1305 347-296-1122
Queens	718-298-0792	718-298-1317

مدد حاصل کرنے کے لئے

آن لائن
nyc.gov/contactcashbail

فون
212-908-7619
صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک۔
پیر - جمعہ

بذات خود
Manhattan Business Center
66 John Street, 2nd Floor
New York, NY 10038
پیر - جمعہ
صبح 8:30 سے سہ پہر 4:30 تک۔

پوسٹل میل
NYC Department of Finance
Court Assets Unit
66 John Street, 12th Floor
New York, NY 10038

اپنے ضمانتی ریفنڈ سے محروم نہ ہوں

NYC® Department of Finance

NYC محکمہ برائے مالیات زر ضمانت اپنے پاس رکھتا ہے

آپ زر ضمانت کے عمل کا یہ وضاحتی بروشر اس لئے وصول کر رہے ہیں کیونکہ آپ نے حال ہی میں ضمانت ادا کی ہے۔ NYC محکمۂ مالیات اس وقت تک آپ کے فنڈز روک کر رکھے گا جب تک کہ عدالت ہمیں انہیں جاری کرنے کی ہدایت نہ دے۔ اس وقت، فنڈز آپ کو واپس کر دیے جائیں گے۔

زر ضمانت کا عمل ذیل میں بیان کیا گیا ہے۔ جیسا کہ آپ دیکھیں گے، کہ آپ نے اس عمل میں اپنا حصہ مکمل کر لیا ہے۔

☑ ایک ضمانتی (وہ فرد جو ضمانت کی ادائیگی کرتا ہے) اس فرد کی عبوری رہائی کے لئے ضمانت کی ادائیگی کرتا ہے جو ٹرائل کا منتظر ہو۔

☐ مقدمہ ختم ہو جاتا ہے یا ضمانت "کالعدم" قرار پاتی ہے۔ آپ، ضمانتی، اب ایک ریفنڈ کے حق دار قرار پاتے ہیں۔ چھ سے آٹھ ہفتوں بعد، عدالت محکمۂ مالیات کو آپ کا ریفنڈ جاری کرنے کا حکم دے گی۔

☐ دو ہفتوں کے اندر اندر، ہم آپ کے ریفنڈ کا چیک اس پتے پر ارسال کر دیں گے جو ہمارے پاس فائل پر موجود ہو گا۔

اپنے ریفنڈ کی کھوج لگانے اور اسے زیادہ جلدی حاصل کرنے کے لئے درج ذیل اقدامات کریں:

1- محکمۂ مالیات کے ساتھ رجسٹر ہو جائیں

2- نیویارک ریاست کے یکساں عدالتی نظام کی مفت ای ٹریک سروس کے ساتھ رجسٹر ہو جائیں

NYC کے محکمۂ مالیات کے ساتھ رجسٹر ہو جائیں

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ آپ جلد از جلد اپنا ریفنڈ وصول کریں:

www.nyc.gov/contactcashbail پر رجسٹر ہوں اور اپنے رابطے کی تمام تر موجودہ معلومات درج کریں تاکہ ہم آپ سے آپ کی زر ضمانت کے ریفنڈ پر کارروائی کرنے کے وقت رابطہ کر سکیں۔

"پیغام" کے خانے میں، بس "رجسٹریشن" کا لفظ درج کریں۔

پھر، اپنے ریفنڈ پر پیشرفت کی کھوج لگانے کے لئے ریاست نیویارک کے یکساں عدالتی نظام کی مفت ای ٹریک سروس کے لئے رجسٹر ہوں۔



ای ٹریک سروس کے لئے رجسٹر ہوں

ریاست نیویارک کے یکساں عدالتی نظام کی جانب سے مفت ای ٹریک سروس پر سائن اپ کریں جو آپ کو عدالتی عملے کے مقدمے کو اپنے کمپیوٹر سسٹم میں اپ ڈیٹ کرنے پر ہر بار خودکار ای میل اپ ڈیٹس اور حاضری کی یاددہانیاں حاصل کرنے کے قابل بناتی ہے۔

ریاست نیویارک کے یکساں عدالتی نظام کے مفت ای ٹریک نظام پر رجسٹر ہونے اور اپنے ریفنڈ کی پیشرفت کی پڑتال کرنے کے لئے، www.nycourts.gov پر جائیں اور "ای ٹریک" منتخب کریں۔

اپنا اکاؤنٹ تخلیق کرنے کے لئے، "دیگر تمام" میں "اکاؤنٹ تخلیق کریں" کو منتخب کریں۔

ای ٹریک کے لئے رجسٹر ہو جانے کے بعد، آپ زیر کارروائی مقدمات کی بابت بذریعہ ای میل مقدمے کی اپ ڈیٹس اور حاضری کی یاددہانیاں حاصل کر سکیں گے۔

NYC
Department of Finance